# Maulana Azad National Urdu University

## M.A. (Persian) III Semester Examination - March 2023

## Paper : MAPR301CCT : Persian Linguistics

## پرچہ: زبان شناسی فارسی

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر 1**

(i) دین دبیرہ کس زبان کا رسم الخط ہے؟

(a) فارسی باستان (b) مادی زبان (c) اوستائی زبان

(ii) فارسی زبان میں واکھای صامت کی تعداد کیا ہے؟

(a) 33 (b) 5 (c) 25

(iii) نرم کام کے آخری حصہ کو کیا کہتے ہیں؟

(a) پردۂ کلام (b) للّه ها (c) پیش کام

(iv) واک مصوت کی ادائیگی کے وقت گذرگاہِ ہوا کی وضع کیسی ہوتی ہے؟

(a) تنگ (b) بند (c) کشادہ

(v) تارِآوا کہاں پائے جاتے ہیں؟

(a) حنجرہ (b) ملازہ (c) خیشیوم

(vi) فارسی خط میں عربی رسم الخط پر کن حروف کا اضافہ کیا گیا؟

(a) پ چ گ ژ (b) رزژڑ (c) ب پ ت ٹ

(vii) صامتِ انقباضی کی ادائیگی کے وقت گذرگاہ ہوا کس وضع میں ہوتی ہے۔

(a) تنگ (b) بند (c) کشادہ

(viii) واکِ صامت جن میں غنہ کی صوت شامل ہوتی ہے کیا کہلاتے ہیں؟

(a) دندانی (b) خیشیومی (c) پیشکامی

(ix) صامتِ آوائی میں تارِ آواکس حالت میں ہوتے ہیں؟

(a) متحرک (b) ساکت (c) خاموش

(x) بیستون کے کتبہ جات اس بادشاہ سے وابستہ ہیں۔

(a) دارایوش (b) اشوک (c) سکندر

## حصہ دوم

(2) کتابِ اوستا

(3) حنجرہ (Voice Box)

(4) فارسیِ باستان

(5) صامت ھای انسدادی

(6) زبان پہلوی

(7) زبانھای ھندوارو پائی

(8) کام (Pallate)

(9) تحولاتِ زبان

## حصہ سوم

(10) زبان فارسی باستان کے آثار کا تعارف کروایئے اور اس کی لسانی اہمیت کو واضح کیجیے۔

(11) اصوات کی ادائیگی میں اعضائے گفتار کے رول کو نقشوں کی مدد سے متعارف کروایئے۔

(12) زبانِ فارسی کے واکِ مصوت کا تعارف کروایئے اور اس کی مختلف اقسام کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(13) فارسی زبان کے واکھای صامت کا تعارف پیش کیجیے اور مختلف واکھای صامت کی درجہ بندی کے اصول کی وضاحت کیجیے۔

(14) معیاری فارسی کی تشکیل کے مراحل میں دورۂ تحولِ اخیر کی اہمیت اور خصوصیات کو بیان کیجیے۔

☆☆☆